# وفاقی وصوبائی وزیر داخلہ کراچی کے حالات کے ذمہ دار ہیں، ڈاکٹر فاروق ستار

## نائن زیرو پر پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ کراچی میں اشتعال انگیزی اور قتل وغارتگری کے ذمہ دار وفاقی وصوبائی وزارت داخلہ ہے وہ شہر میں امن قائم کرنے میں ناکام ہوچکے ہیں وزرائے داخلہ بتائیں کہ ان کے ادارے ان کے طابع ہیں یا وہ اپنے اداروں کے طابع ہیں، اگر ایسا نہیں ہے تو پھر ہمیں یہ جواب دیا کہ شہر میں دہشت گردی کا یہ بازار اچانک کیسے گرم ہوگیا اور اسے اب تک روکا کیوں نہیں جارہا ہے۔ ہمارے زخموں پر مرہم رکھا جائے نا کہ نمک پاشی کی جائے، کراچی میں ٹارگٹ کلنگ دراصل ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے سانحہ سے جوڑنے کی ایک گہری سازش ہے، صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی اس کا فوری نوٹس لیں۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے دیگر ارکان بیگم نسرین جلیل، مصطفیٰ کمال، وسیم آفتاب، کنور خالد یونس اور ڈاکٹر صغیر احمد کے ہمراہ نائن زیرو پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کے بعد ایم کیوایم نے امن قائم کرنے کیلئے جو کوششیں کیں وہ سب کے علم میں ہے، قائد تحریک الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ کے رابطہ کمیٹی کی بریفنگ میں اس عظیم سانحہ کے باوجود صبر کا دامن تھامے رکھنے کی جو اپیل کی گئی اسی کے باعث شہر میں امن قائم رہا وہ سب کے سامنے ہے۔ ہم نے اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے شہر میں امن قائم رکھا لیکن دہشت گردی کے ان واقعات کو ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کے سانحہ سے جوڑنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ اگر یہ سازش شہر میں موجود کثیر السانی اکائیوں اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو ختم کرنے کیلئے ہے تو اسے بھی ناکام بنانا چاہئے، شہر میں ان واقعات کا سلسلہ چل رہا ہے ہم نے دس روز کے سوگ کا اعلان کیا ہے لیکن اس کے باوجود انسانیت کی بنیاد پر سیلاب زدگان کیلئے ریلیف کے کاموں کو جاری رکھا اور آج بھی ہمارے کارکنان متاثرین کی مدد کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 16 ستمبر کی شام ڈاکٹر عمران فاروق کو سفاکی سے شہید کردیا گیا۔ یہ سانحہ ہم پر ایک قیامت بن کر ٹوٹا اور المناک سانحہ پر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے اہل خانہ سمیت قائد تحریک الطاف حسین سے لیکر تمام کارکنان اور عوام المناک سانحہ پر صدمہ سے نڈھال ہوگئے اور کراچی سمیت پورا ملک اس المناک سانحہ پر سوگ میں ڈوب گیا۔ یہ ہماری تحریک کیلئے اپنی جدوجہد کی تاریخ کا سب سے بڑا سانحہ ہے لیکن اس کے باوجود ہم نے اس پر انتہائی ضبط وبرداشت کا مظاہرہ کیا اور اپنے کارکنان وعوام سے بھی یہی اپیل کی کہ وہ ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کے عظیم سانحہ پر پرامن طور پر سوگ منائیں اور شہید رہنما کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کریں۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ کراچی سمیت پورے پاکستان حتیٰ کہ پوری دنیا میں جہاں جہاں ایم کیوایم کے یونٹس موجود ہیں وہاں کارکنان اور ہمدرد عوام ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی میں مصروف ہیں لیکن یہ امر انتہائی قابل غور ہے کہ ایک ایسے وقت میں جب کہ اس عظیم سانحہ کے سوگ کے باوجود ملک خصوصاً کراچی میں صورتحال نارمل تھی کہ کل شام سے اچانک کراچی میں دہشت گردوں اور قاتلوں کے گروہ سرگرم ہوگئے اور انہوں نے اس کراچی کو جو پہلے ہی اپنے ایک عظیم رہنما کی شہادت کے سوگ میں مبتلا تھا اسے آناً فاناً خون میں نہلانا شروع کردیا۔ ایک طرف رضویہ سوسائٹی میں فقہ جعفریہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو فائرنگ کرکے ہلاک کیا گیا تو دوسری طرف میڈیا کی اطلاعات کے مطابق مسلح دہشت گردوں نے نارتھ کراچی کے علاقے یو پی موڑ میں فائرنگ کرکے کالعدم تنظیم سپاہ صحابہ سے تعلق رکھنے والے تین افراد کو ہلاک کردیا۔ اسی طرح شہر کے مختلف علاقوں میں ایک منظّم سازش کے تحت بے گناہ شہریوں کو گولیاں مارنے کا سلسلہ شروع کردیا گیا جن میں گزشتہ رات سے اب تک کی اطلاعات کے مطابق 12 افراد جاں بحق ہوچکے ہیں۔ گزشتہ رات انہی واقعات کے دوران مسلح دہشت گردوں نے شہر میں ایم کیوایم کے دو کارکنوں کو بھی فائرنگ کرکے شہید کیا۔ جن میں ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 146 کے کارکن فرحان غیاث اور کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے مسیحی کارکن دلاور مسیح ولد عنایت مسیح شامل ہیں۔ فرحان غیاث فیڈرل بی ایریا بلاک 16 میں اپنے بھائی کی دکان پر کھڑے تھے کہ مسلح دہشت گردوں نے انہیں گولیوں کا نشانہ بنایا جبکہ دلاور مسیح کو کورنگی کے علاقے F-48 میں گولیوں کا نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ شہر میں اچانک شروع ہونے والے فائرنگ اور دہشت گردی کے یہ واقعات ایک سوچی سمجھی سازش کا حصہ ہیں جس کا مقصد دنیا کو یہ بتانا ہے کہ چونکہ فائرنگ کے یہ واقعات ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کے بعد اسکے ردعمل میں ہوئے ہیں لہٰذا ایم کیوایم اس کی ذمہ دار ہے اور اس طرح ماضی میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعات کی طرح ان واقعات کو بھی ایم کیوایم سے نتھی کرکے ایم کیوایم کو دنیا بھر میں بدنام کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہر میں پولیس، رینجرز اور سرکاری ایجنسیوں کی موجودگی کے باوجود مسلح دہشت گرد گزشتہ روز سے جس طرح آزادی کے ساتھ دندناتے پھر رہے ہیں اور معصوم شہریوں کو گولیوں کا نشانہ بنارہے ہیں اور انہیں روکنے والا کوئی نہیں ہے اس سے ہم یہ سمجھنے پر مجبور ہیں کہ حکومت خصوصاً وزارت داخلہ ان واقعات کی ذمہ دار ہے۔ اگر ایسا نہیں ہے تو پھر ہمیں یہ جواب دیا جائے کہ شہر میں دہشت گردی کا یہ بازار اچانک کیسے گرم ہوگیا اور اسے اب تک روکا کیوں نہیں جارہا ہے؟ انہوں نے انٹرنیشنل کمیونٹی کو بھی آگاہ کرتے کہا کہ وہ ان واقعات کے پیچھے

کارفرما سازش کو سمجھیں اوراس کے ذمہ داروں کو بھی پہچانیں۔ہم گزشتہ روز سے شہر میں ہونے والے دہشت گردی کے ان واقعات کی پرزور مذمت کرتے ہیں اوراس پریس کانفرنس کے توسط سے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اورتمام حکمرانوں سے اپیل کرتے ہیں کہ خدارادہشت گردی کے ان واقعات کوفی الفورکوائیں اوراس میں ملوث تمام دہشت گردوں کوفی الفورگرفتارکیاجائے اورکراچی جو پہلے ہی ایک عظیم سانحہ کے صدمہ سے دوچار ہے اس پر رحم کیاجائے۔ہم کراچی میں دہشت گردی کے واقعات میں شہید ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنوں سمیت تمام جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ہم اس پریس کانفرنس کے توسط سے ایک بار پھرایم کیوایم کے تمام کارکنوں اور ہمدردوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے المناک سانحہ پرصبر وضبط کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور شہید رہنما کے سوگ میں قرآن خوانی اورفاتحہ خوانی کے اجتماعات کا سلسلہ جاری رکھیں اورشہید رہنما کوخراج عقیدت پیش کریں۔ہم نے اپنامعاملہ اللہ تعالیٰ کی عدالت میں پیش کردیاہے،انشاءاللہ ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے قاتل قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے۔ہم عوام سے بھی اپیل کرتے ہیں کہ وہ پرامن رہ کرشہر کاامن خراب کرنے کی سازشوں کوناکام بنائیں۔

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پرشہید کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پرتعزیت کا سلسلہ گزشتہ شب رات گئے تک جاری رہا

## تعزیت کیلئے آنیوالوں میں پیپلزپارٹی کے رکن قومی اسمبلی گل محمد جاکھرانی، ہزارہ قومی محاذ، متحدہ علماء محاذ، اہلحدیث رابطہ کمیٹی سندھ، جے یو آئی، پاکستان فلم ٹی وی جرنلسٹس ایسوسی ایشن، علمائے کرام، نعت خواں حضرات، برادریوں اورایسوسی ایشن کے عہدیداران اور دیگرشخصیات شامل ہیں

## ڈاکٹرعمران فاروق شہید کو بہیمانہ طریقے سے قتل کرنے والے عناصر جمہوریت اورحق پرستی کی تحریک کے کھلے دشمن ہیں، وفود کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سے بات چیت

کراچی۔۔۔20،ستمبر2010ء

ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پرشہید انقلاب اوررابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پرمختلف سیاسی،سماجی،ادبی تنظیموں،علمائے کرام،نعت خواں حضرات، برادریوں اورایسوسی ایشنوں کے وفود کی جانب سے تعزیت کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں نائن زیرو پرگزشتہ روز بھی رات گئے تک مختلف وفود آتے رہے اورڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پرتعزیت وافسوس کااظہار کرتے رہے۔ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پرنائن زیرو پرتعزیت کیلئے آنیوالوں میں پاکستان پیپلزپارٹی کے رکن قومی اسمبلی گل محمد جاکھرانی، ہزارہ قومی محاذ پاکستان کے سینئر وائس صدر سندھ ایس زمان گوجر،متحدہ علماءمحاذ کے مولانامرزایوسف حسین،اہلحدیث رابطہ کمیٹی سندھ کے امیرعبداللہ فاروقی،جے یو آئی کے رہنما مولاناغلام رسول،مولانانعمان،پاکستان فلم ٹی وی جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری عبدالوسیع قریشی،جوائنٹ سیکریٹری حفیظ انصاری،سرپرست اعلیٰ امتیازالحق بخاری، فنکارشہزادرضا،لیاقت سولجر،فلمسٹارسلیم آفریدی،زیڈآرشاہو،عمران رضا،سینئرکامیڈین فریدخان،فیصل ندیم،آصف شرمیلا،پی پی آئی شیرازی گروپ کے مرکزی چیئرمین مظہر شیرازی،منہاج القرآن تحریک کی صدرمحترمہ پروین ملک،میڈیاکوآرڈی نیشن کمیٹی محترمہ رانی ارشد،پاکستان منہاج القرآن علماءکمیٹی سندھ کے امیرسعیدظفراقبال،صدرناظم تحریک ڈاکٹرایس ایم ضمیر،تحریک نفاذ فقہ جعفریہ پاکستان سندھ کے ڈپٹی ناظم الاامورعلامہ وقارنقوی،شعبہ پاکستان آرٹس کونسل سندھ کے سربراہ سیدفرقان حیدر،اراکین رؤف لالہ،سکندرصنم،عادل سھور کے علاوہ پاکستان میمن تاجراتحاد،بانٹوا جماعت،لیاری کی دھلی برادری،آل پاکستان ذرگرزجیولرایسوسی ایشن،سندھ ہول سیل پولیٹری فارم ایسوسی ایشن ،الائنس آف مارکیٹ ایسوسی ایشن آرام باغ کراچی،الیکٹرانکس ڈیلرزایسوسی ایشن کراچی،الیکٹرونکس مارکیٹ،آل قریشی برادری محمودآباد،بزنس پاکستان چوک ایسوسی ایشن صدر کراچی،صدرایمپریس مارکیٹ کی تاجر برادری،چھیپا برادری،بوھری آدم مسجد کمیٹی اورسردارکرشن سنگھ کی سربراہی میں سکھوں کا نمائندہ وفد شامل ہے۔اس موقع پرتعزیت کیلئے آنیوالے وفود سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین جاویدکاظمی،سیف یارخان،یوسف شاہوانی،اشفاق منگی،شاکرعلی،حق پرست ارکان قومی اسمبلی حیدرعباس رضوی،اقبال قادری،ساجداحمد،محترمہ فوزیہ اعجاز،صوبائی وزیرسندھ فیصل سبزواری،وزیراعلیٰ سندھ کے مشیرخواجہ اظہارالحسن اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی معین نے مختلف اوقات میں ملاقاتیں کیں اورڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے المناک سانحہ پرتعزیت اورافسوس کااظہار کرنے پرتشکر کااظہارکیا۔وفود کے ارکان نے رابطہ کمیٹی سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹرعمران فاروق شہید کو بہیمانہ طریقے سے قتل کرنے والے عناصر جمہوریت اورحق پرستی کی تحریک کے کھلے دشمن ہیں جوایک دن ضرور بے نقاب ہوں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی شخصیت نہ صرف ایم کیوایم بلکہ دیگرسیاسی،سماجی تنظیموں اور ہرامن پسند شخص کیلئے قابل احترام تھی اوران کی شہادت ہمارے لئے بھی گہرے صدمے کاباعث ہے۔اس موقع پرانہوں نے شہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پرایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں تعزیت کا سلسلہ جاری

لندن۔۔۔20 ستمبر 2010ء

ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پرایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پاکستان سمیت دنیا بھر سے ٹیلی فون،فیکس اورای میل کے ذریعہ تعزیتی پیغامات کا سلسلہ جاری ہے۔تعزیتی پیغامات میں ڈاکٹرعمران فاروق کے بہیمانہ قتل کی مذمت کی گئی ہے اورقائدتحریک جناب الطاف حسین اورشہید کے اہلخانہ سمیت ایم کیوایم کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکیاگیاہے۔تعزیت کرنے والوں میں چیئرمین سینیٹ فاروق ایچ نائک،سابق فرسٹ سیکریٹری لندن ہائی کمیشن طارق ترین، CEO AEROVAX سلمان محمود،درگاہ حضرت نظام الدین اولیاءؒ کے سجادہ نشین ناظم علی نظامی،ایم ڈی پی آئی اے کیپٹن اعجازہارون،بریگیڈیئر(ر)امتیاز،پی پی پی (شیرپاؤ) کے سابق سینئر بیرسٹرافتخاراحمد،اقوام متحدہ میں انسانی حقوق کے مبصرانصاربرنی ایڈوکیٹ،لیبرپارٹی کے فیض رسول،کالم نگاربدیع الزمان،سابق سٹی ناظم لاہورمیاں عامرمحمود،معروف شیعہ عالم دین علامہ سیدعلی کرارنقوی،سابق سینئرعلامہ عباس کمیلی،لندن کے ماہرقانون PAULINE FLOWER،معروف قانون داں بیرسٹرفاروق حسن،معروف اینکرپرسن ڈاکٹرشاہدمسعود،پی جے میر،حامدمیر،اے آروائی کے حاجی رزاق،حاجی اقبال،سلمان اقبال،سابق وزیراعلیٰ سندھ ڈاکٹرارباب غلام رحیم،مسلم لیگ(ق) کے رکن اسمبلی مونس الٰہی،مسلم لیگ(ن) کے رکن پنجاب اسمبلی اشرف چوہان،رکن سندھ اسمبلی عسکری تقوی،شاعرہ گلنارآفریں،جسقم کے چیئرمین بشیرخان قریشی،جسقم کے رہنمانیاز کالانی،سابق رکن قومی اسمبلی زکریاکاظمی،نعت خواں حوریہ رفیق،معروف گلوکارفخرعالم،گلوکارفاخر،پشتون قومی تحریک کے چیئرمین رفیق پشتون،پاکستان مسلم لیگ اسلام آباد کے مرکزی ڈپٹی سیکریٹری انفارمیشن عجب گل سورانی،چیئرمین بازفاؤنڈیشن ڈاکٹرمحمدسرفرازعباسی،ہیومن رائٹس قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی خواتین ونگ حیدرآبادکی صدرشہنازخان،وائس پریزیڈنٹ کنفیڈریشن آف ایشیاپیسیفک چیمبرآف کامرس اینڈانڈسٹری طارق سید،سی ای اوALIF ایس اے جہانگیر،جاوید پاشا،ادیب اعجازاوراقلیتی کمیونٹی کے نمائندے ڈاکٹربشپ عنایت کے علاوہ دنیابھرسے ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان اورزندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ہمدردشامل ہیں۔دریں اثناءایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیوایم کے کارکنان،ہمدردوں اوربرطانیہ میں مقیم مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افرادکے وفودکی آمدکاسلسلہ پیرکےروز بھی جاری رہا۔اس موقع پرشدت غم سے نڈھال کارکنان نے ایم کیوایم کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق کےقتل پرگہرے دکھ اورافسوس کااظہارکیااوران کے بلنددرجات کے لئے دعاکی۔

## قومی اسمبلی میں ڈاکٹرعمران فاروق شہید کیلئے فاتحہ خوانی

اسلام آباد۔۔۔20،ستمبر 2010ء

قومی اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق شہید کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔پیرکوقومی اسمبلی کااجلاس شروع ہواتووفاقی وزیرسیدخورشیدشاہ نے نکتہ اعتراض میں کہاکہ لندن میں متحدہ قومی موومنٹ کے مرکزی رہنماڈاکٹرعمران فاروق کوجس بہیمانہ اندازمیں قتل کیاگیاہےہم اس پرافسوس کااظہارکرتے ہیں۔ایوان میں شہیدکے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کرائی جائے جس پراسپیکرنے وفاقی وزیرپارلیمانی اورڈاکٹربابراعوان کوفاتحہ خوانی کروانے کیلئے فلوردیاجنہوں نے ایوان میں ڈاکٹرعمران فاروق کیلئے فاتحہ خوانی کروائی جس کے بعدایم کیوایم کےارکان اسمبلی ایوان سے چلے گئے۔قبل ازیں ایوان کی ہاؤس بزنس ایڈوائزری کمیٹی کے اجلاس میں بھی ڈاکٹرعمران فاروق کےقتل کی مذمت کی گئی اوران کےایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔علاوہ ازیں اسپیکرقومی اسمبلی ڈاکٹرفہمیدہ مرزا،وفاقی وزیرقمرالزماں قائرہ،سیدخورشیدشاہ،مسلم لیگ(ن) کے چیف وہپ شیخ آفتاب اورمسلم لیگ(ق) کے چیف وہپ ریاض حسین پیرزادہ،انجینئرامیرمقام،عوامی نیشنل پارٹی کے اراکین اسمبلی نے قومی اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈرحیدرعباس رضوی سے ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پراظہارتعزیت کی۔علاوہ ازیں پارلیمانی پریس گیلری کی کوریج کرنے والےصحافیوں نے بھی حیدرعباس رضوی،اقبال محمدعلی خان،آصف حسنین اورسفیان یوسف سے ڈاکٹرعمران فاروق کےقتل پراظہارتعزیت کی۔

## شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے بلوچستان، ملتان، راولپنڈی، سکھر اور میر پور خاص اور ملک کے دیگر مقامات پر ایم کیو ایم کے دفاتر میں قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کے اجتماعات

## سیاہ پرچم لہرائے گئے، کارکنان و ذمہ داران نے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھیں

## ڈاکٹر عمران فاروق شہید کا لہو ہرگز رائیگاں نہیں جانے دیں گے، کارکنان و ذمہ داران کا عزم

کراچی۔۔۔20، ستمبر 2010ء

شہید انقلاب متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر بلوچستان، راولپنڈی، ملتان، سکھر اور میر پور خاص اور ملک بھر میں دیگر مقامات پر ایم کیو ایم کے دفاتر پر قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوئے اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اجتماعات میں ماحول سوگوار تھا، ذمہ داران و کارکنان غم اور صدمے سے نڈھال تھے۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کے دفاتر پر سیاہ پرچم لہرائے گئے اور ذمہ داران و کارکنان نے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ رکھی تھی۔ تفصیلات کے مطابق ایم کیو ایم راولپنڈی زون کے تحت شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا اجتماع ایم کیو ایم راولپنڈی زون کے مرکزی آفس میں منعقد ہوا جس میں ایم کیو ایم راولپنڈی زون کے زونل انچارج زاہد ملک، جوائنٹ انچارج رحیم شاہ، زونل کمیٹی کے دیگر اراکین اور کارکنان و ہمدردوں نے شرکت کی اسی طرح جہلم، چکوال، اٹک، منڈی بہاؤالدین، خوشاب، میانوالی اور بھکر میں بھی شہید کے ایصال ثواب کیلئے اجتماعات منعقد ہوئے اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ ایم کیو ایم بلوچستان کے تحت قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا اجتماع ایم کیو ایم بلوچستان کے صوبائی دفتر واقع کوئٹہ میں ہوا بعدازاں کچلاک میں ہوا جس میں صوبائی سیکریٹری نشر و اشاعت انور خان ترین، صوبائی سیکریٹری فنانس ڈاکٹر ارباب عبدالغنی کاسی، ضلعی آرگنائزر سید سلیم اختر ایڈووکیٹ، ضلعی سیکریٹری فنانس شاہ حسین چنگیزی، ضلعی آفس سیکریٹری محمد ادریس اور کارکنان و ہمدردوں نے شرکت کی۔ ایم کیو ایم سکھر زون شعبہ خواتین کے تحت شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے زونل آفس واقع جناح چوک سکھر پر قرآن خوانی و آیت کریمہ کے ورد کا اہتمام کیا گیا جس خواتین کی کثیر تعداد نے شرکت کی اسی طرح ایم کیو ایم سکھر زون کے تحت مضافاتی یوسیز واقع پنو عاقل میں بھی قرآن خوانی اور آیت کریمہ کے ورد کا اہتمام کیا گیا جن میں پنو عاقل کی یوسیز 35,36,40,42 اور باگڑجی کی یوسی 19 شامل ہیں۔ ایم کیو ایم میر پور خاص زون کے تحت شہید کنوینر کے بلند درجات اور مغفرت کیلئے زونل آفس پر قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد ہوا جس میں ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن و وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست مشیر غلام حیدر راہو، میر پور خاص زون کے زونل انچارج عظیم دانش، حق پرست رکن سندھ اسمبلی فہیم احمد الطافی، بلدیہ میر پور خاص کے ایڈمنسٹریٹر وہاب عباسی سمیت عمائدین شہر نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ قرآن خوانی و فاتحہ خوانی اور تعزیتی اجلاسوں میں کارکنان و ہمدردوں اور عمائدین شہر نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق پرعزم اور باحوصلہ انسان تھے، شہید نے کٹھن اور مشکل حالات میں حق پرستی کی تحریک کیلئے جو کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں وہ ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق آخری دم تک تحریکی ساتھیوں کی تربیت کرتے رہے اور ان کے بہیمانہ قتل میں ملوث سفاک ٹولہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے کارکنان کے حوصلوں کو ہرگز پست نہیں کرسکتا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے لہو کو رائیگاں نہیں جانے دیں گے اور حق پرستی کے مشن، مقصد اور نظریئے کی کامیابی تک جدوجہد کرتے رہیں گے۔

## آزاد کشمیر وزیر اطلاعات محمود ریاض، وزیر بلدیات ملک نواز اور وزیر تعلیم اسکولز سردار فاروق احمد طاہر کا ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہار افسوس

## وزراء کی آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر اور وزیر سیاحت طاہر کھوکھر سے ملاقاتیں، الطاف حسین کیلئے تعزیت کے پیغامات دیئے

آزاد کشمیر۔۔۔20، ستمبر 2010ء

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے مختلف وزراء نے شہید انقلاب متحدہ قومی موومنٹ کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ گزشتہ روز آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر وزیر سیاحت طاہر کھوکھر سے ان کے دفتر میں آزاد کشمیر کے وزیر اطلاعات محمود ریاض، وزیر بلدیات ملک نواز اور وزیر تعلیم اسکولز سردار فاروق احمد طاہر نے مختلف اوقات میں ملاقاتیں کیں اور ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر آزاد کشمیر کے وزراء نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کیلئے تعزیت کے پیغامات بھی دیئے اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جناب الطاف حسین یہ صدمہ جھیلنے اور برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## پیپلز پارٹی بلوچستان کے تمام سیاسی کارکنان بھی ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر ایم کیو ایم کے غم میں برابر کے شریک ہیں، وفاقی وزیر مملکت آیت اللہ درانی
## نائن زیرو پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار اور رکن ڈاکٹر صغیر احمد سے تعزیتی ملاقات، میڈیا سے گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

وفاقی وزیر مملکت آیت اللہ درانی نے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کو ایک بڑا سانحہ قرار دیتے ہوئے اس کی مذمت کی ہے اور تمام سوگواران سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے پیر کو ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار اور رکن ڈاکٹر صغیر احمد سے ملاقات کی اور اپنے ان جذبات کا اظہار کیا۔ وہ کچھ دیر تک ایم کیو ایم کے رہنماؤں کے ساتھ رہے اور ڈاکٹر عمران فاروق کی مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔ بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے آیت اللہ درانی نے کہا کہ میں ایک سیاسی کارکن ہوں اور ایک سیاسی کارکن کی حیثیت سے ایک سیاسی کارکن کی شہادت پر اظہار افسوس اور تعزیت کیلئے آیا ہوں۔ میرے ساتھ پیپلز پارٹی بلوچستان کے تمام سیاسی کارکنان بھی ایم کیو ایم کے اس غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق نے نائن زیرو سے سیاسی تربیت لی اور دنیا بھر میں اپنا مقام بنایا۔ میں ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اپنے گہرے رنج و غم اور تعزیت کا اظہار کرتا ہوں، بلوچستان کے عوام کی جانب سے بھی میں یہی پیغام لیکر آیا ہوں۔ انہوں نے گزشتہ روز ایم کیو ایم کے دو کارکنوں کی شہادت پر بھی دلی تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ سیاسی کارکن سیاسی کارکن ہوتا ہے چھوٹا بڑا نہیں۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے آیت اللہ درانی کی نائن زیرو آمد اور ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہار تعزیت و افسوس کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آیت اللہ درانی یہاں ایک سیاسی کارکن کی حیثیت سے ہمارے غم میں برابر کے شریک ہونے کیلئے آئے ہیں، ڈاکٹر عمران فاروق کی بھی ایک انقلابی اور نظریاتی کارکن تھے اور 30 سال کے بعد انہوں نے یہ مرتبہ حاصل کیا کہ انہیں شہید کر دیا گیا یہ صرف الطاف حسین، ایم کیو ایم یا شہید ڈاکٹر عمران فاروق کے اہل خانہ کا یہ ایک عظیم نقصان نہیں ہے بلکہ یہ ملک کی تمام سیاسی جماعتوں اور کارکنان کا یکساں نقصان ہے۔ انہوں نے کہا کہ جیسے ہی ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی تدفین کا پروگرام مرتب ہوگا اس کی اطلاع میڈیا کے توسط سے عوام کو دیدی جائے گی۔

## متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن جمال آفریدی کے والد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔20، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن جمال آفریدی کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی جمال آفریدی کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی۔

## مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنماء و سینیٹر اسحاق ڈار کا نائن زیرو کا تعزیتی دورہ

کراچی: (اسٹاف رپورٹر)

مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنماء و سینیٹر اسحاق ڈار نے اپنی جماعت کے دیگر رہنماؤں سابق گورنر سندھ، ممنون حسین، نہال ہاشمی، سلیم ضیاء حفیظ الدین اور دیگر کے ہمراہ پیر کی شب ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو کا تعزیتی دورہ کیا اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر اپنے رنج و افسوس اور تعزیت کا اظہار کرنے کے علاوہ شہید کی مغفرت اور درجات کی بلندی کیلئے دعا کی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور نوید جمیل، وسیم آفتاب، کنور خالد یونس، افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر صغیر احمد کے علاوہ، سینیٹر احمد علی، حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری بھی موجود تھے۔ بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ وہ یہاں اپنے قائد نواز شریف اور صدر شہباز شریف کی نمائندگی کرتے ہوئے ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہار افسوس اور تعزیت کیلئے آیا ہوں یہ ہماری اسلامی اقدار کا حصہ ہے اور مشرقی روایت کا تقاضہ ہے خوشی نہ سہی لیکن غم مل کر بانٹے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ ہمارے لئے بھی افسوسناک ہے میری پوری جماعت اس پر اظہار افسوس کرتی ہے دعا ہے کہ ڈاکٹر عمران فاروق کا قاتل جلد گرفتار ہو کر اپنے کیفر کردار تک پہنچے، ہم سب کو اطمینان بھی اس وقت ہوگا جب یہ قاتل پکڑے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق سے میری ذاتی طور پر سیاسی رفاقت رہی ہے ان کی شہادت پر جتنا افسوس کیا جائے وہ کم ہے۔ انہوں نے کہا ہم کم سے کم ایجنڈے پر مل جل کر کام کر سکتے ہیں

راستہ مختلف ہوسکتا ہے اور گول ایک ہے ۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ میں قائد تحریک جناب الطاف حسین ، رابطہ کمیٹی اور ایم کیو ایم کے تمام کارکنان کی جانب سے میاں نواز شریف اور شہباز شریف کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ہمارا غم بانٹنے کیلئے اسحاق ڈار کو یہاں بھیجا جنہوں نے جناب الطاف حسین ،عمران فاروق شہید کے لواحقین اور ان کی بیوہ سے تعزیت کی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ خوشیوں کا پس منظر اور اس کے اثرات مختلف ہوسکتے ہیں۔ہم ایک دوسرے کی خوشیوں میں شریک ہوں نہ ہوسکے تو ہماری رواداری پر کوئی اثر نہیں پڑتا آج یہ ہمارے غم میں شریک ہوئے اس روایت کو قائم رہنا چاہئے ،اس سے گہرے صدمے کو کم کیا جاسکتا ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق شہید قائد تحریک جناب الطاف حسین کے دست راست تھے ان کی قربانی ایسے انقلاب کیلئے تھی جس سے ملک میں جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام تبدیل ہو اور چہرے بدلنے کے بجائے مستقبل تبدیلی رونماء ہو یہ شعور انہیں الطاف حسین نے دیا ہے۔بااختیار عوام اور خودمختار پاکستان کیلئے ہم سب کو مل جل کر کام کرنا ہوگا۔

**ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن فرحان غیاث شہید کو عزیز آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا**

**شہید کا سوئم منگل کو فیڈرل بی ایریا بلاک 16 میں واقع عبداللہ سینٹر کی مسجد میں ہوگا**

**ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کورنگی سیکٹر کے کارکن دلاور مسیح کی آخری رسومات میں چشمہ گوٹھ بن قاسم ٹاؤن میں ادا کی گئی**

کراچی ۔۔۔20،ستمبر 2010ء

گزشتہ روز دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں شہید ہونیوالے والے ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 146 کے کارکن فرحان غیاث شہید کو عزیز آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کر دیا۔شہید کی نمازِ جنازہ فیڈرل بی ایریا بلاک نمبر 16 میں واقع جامع مسجد نعمان میں ادا کی گئی ۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی ،ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے اراکین ، یونٹوں کے ذمہ داران ، کارکنان ، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے شرکت کی ۔ فرحان غیاث شہید کا سوئم 21 ستمبر منگل کو بعد نماز ظہر فیڈرل بی ایریا بلاک 16 میں واقع عبداللہ سینٹر کی مسجد میں ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی ۔اسی طرح دہشت گردوں کی فائرنگ سے کورنگی میں شہید ہونے والے ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کورنگی سیکٹر یونٹ یوسی نمبر 3 کے کارکن دلاور مسیح کی آخری رسومات چشمہ گوٹھ بن قاسم ٹاؤن میں ادا کی گئی جس میں ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کے اراکین ، ذمہ داران ، کارکنان ، ہمدردوں اور مقتول کے عزیز واقارب نے شرکت کی ۔

☆☆☆☆☆